© rasailojaraid.com



☆......تبصرہ کے لیے دو کتابوں کا آنا ضروری ہے

☆......کتابیں مرکزی دفتر وفاق المدارس بھیجیے

# تلخیص الطحاوی

**مولف: مولانا عبدالباسط چلاسی / صفحات: 501۔ قیمت: لکھی نہیں۔**

**ملنے کا پتا: مکتبہ الشیخ 445/3 بہادرآباد کراچی نمبر 5۔ فون نمبر 021-34935493**

دورۂ حدیث کے سال طلبہ کرام کو صحاح ستہ میں شامل کتب احادیث کے علاوہ ''شرح معانی الآثار'' بھی پڑھائی جاتی ہے۔ شرح معانی الآثار کے مصنف امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ بن سلمہ ازدی حجری حنفی رحمہ اللہ ہیں۔ ''شرح معانی الآثار'' کو ''مختصر الطحاوی'' بھی کہا جاتا ہے اور ''معانی الاثار'' بھی، ہمارے دیار میں ''طحاوی شریف'' کے نام سے معروف ہے۔ فن حدیث وفقہ پر عظیم الشان کتاب ہے۔ اس میں حدیث، فقہ اور اسماء الرجال کے کئی علوم کو بڑی خوب صورتی کے ساتھ سمودیا گیا ہے۔ طحاوی شریف کا سبب تالیف امام طحاوی رحمہ اللہ یوں بیان کرتے ہیں: ''مجھ سے اہل علم نے فرمائش کی کہ ایسی کتاب تصنیف کروں جس میں احکام کے متعلق احادیث رسول جمع ہوں، اوران تعارض کو دور کروں جو ظاہری طور پر دکھائی دیتے ہیں۔ اور ان میں وہ تاویلات بھی شامل کردوں جو کتاب و سنت، اجماع اور اقوال صحابہ سے تائید کرتے ہوں۔ منسوخ روایات کے دلائل پیش کروں تاکہ وجہِ نسخ ظاہر ہوجائے۔ اور مخالفین کے طعن کا جواب ہوجائے۔

اس کتاب میں امام طحاوی رحمہ اللہ نے بدلائل ثابت کیا ہے کہ مذہبِ حنفی یا مسلک امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کسی جگہ بھی حدیث کے خلاف نہیں۔ اگر چہ اسلوبِ تالیف عمدہ ہے مگر طلبہ کرام کو یہ کتاب سمجھنے میں دوطرح کی مشکل پیش آتی ہے، ایک یہ کہ امام طحاوی رحمہ اللہ نے کس مسلک والوں کے لیے کون سے دلائل کہاں سے کہاں تک ذکر کیے ہیں؟ دوسری مشکل یہ کہ امام طحاوی نے ہر بحث کے آخر میں ایک فقہی قیاس پیش کیا ہے، جسے ''نظر طحاوی'' کہا جاتا ہے، اس کا سمجھنا ذرا مشکل ہوتا ہے، چنانچہ طحاوی شریف کی متعدد شروح معرض وجود میں آچکی ہیں۔

مولانا عبدالباسط چلاسی زید مجدہم جامعہ فاروقیہ کراچی کے فاضل اور جامعہ صدیقیہ کے اُستاذ حدیث ہیں انہوں نے تلخیص الطحاوی کے نام سے مختصر اور جامع شرح لکھی ہے۔ ترتیب ایسی رکھی کہ اختصار بھی ملحوظ رہے اور طالب علم کو



© rasailojaraid.com